انتخاب کا دن
5 نومبر

قبل از وقت ووٹنگ
26 اکتوبر – 3 نومبر

2024 عام انتخاب

# ووٹ گائیڈ

بیلٹ تجاویز

1989 سے انتخابات کے لیے
NYC کا غیر جانبدارانہ گائیڈ

NYC VOTES
نیو یارک سٹی کمپین فائنانس بورڈ کا ایک اقدام

مزید جانیں: nycvotes.org/ur

# اپنے NYC 2024 ووٹر گائیڈ میں خوش آمدید!

NYC Votes کے ساتھ اسمارٹ ووٹ دیں! اس بارے میں پڑھیں کہ بیلٹ پر کیا ہے اور اپنا بیلٹ جمع کروانے کے مختلف طریقے کیا ہیں۔

### میں نے ووٹ کب دینا ہے؟

- ریاست نیو یارک کے عام انتخاب بروز منگل، **5 نومبر** کو منعقد ہوں گے۔
- آپ بروز ہفتہ **26 اکتوبر** تا اتوار **3 نومبر** تک قبل از وقت ووٹ دے سکتے ہیں۔
- بروز پیر، **4 نومبر** کو کوئی قبل از وقت ووٹنگ دستیاب نہیں ہو گی۔

### میں کس کے لیے ووٹ دے رہا ہوں؟

**دفاتر**

- صدر
- نائب صدر
- یو ایس سینیٹ
- U.S. ہاؤس
- ریاستی سینیٹ
- ریاستی اسمبلی

**ججز**

- NYS سپریم کورٹ
- دیوانی عدالت
- قائم مقام عدالت

**دیگر**

- بیلٹ تجاویز

اپنے بیلٹ پر امیدواروں کے متعلق مزید جاننے کے لیے **urdu.nycvotes.org/candidates** ملاحظہ کریں۔

## انتخاب کی تاریخیں اور ڈیڈ لائنز

| | |
|---|---|
| **26 اکتوبر** | **ووٹر رجسٹریشن کی ڈیڈ لائن میل بیلٹ کی درخواست** (آن لائن یا بذریعہ ڈاک)<br>**قبل از وقت ووٹنگ کا آغاز** |
| **3 نومبر** | **قبل از وقت ووٹنگ کا اختتام** |
| **4 نومبر** | **غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کی آخرتی تاریخ** (انتخابات بورڈ کے دفتر میں ذاتی طور پر) |
| **5 نومبر** | **انتخاب کا دن (صبح 6:00 - رات 9:00 بجے تک)**<br>**اپنے غیر حاضر بیلٹ کو ڈاک کی مہر لگوانے یا کسی پول سائٹ پر جمع کروانے کے لیے آخری تاریخ** |

## جدول برائے مندرجات


3 ووٹ کیسے دیں
4 اپنی پول سائٹ پر کیا توقع کریں
5 بطور ووٹر میرے حقوق کیا ہیں؟
6 رسائی
7 نمونے کا بیلٹ
8 منتخب شدہ عہدیدار کیا کرتے ہیں؟
9 خزاں 2024 کی بیلٹ تجاویز
14 NYC Votes کے بارے میں
15 اکثر پوچھے جانے والے سوالات
16 انتخابات بورڈ سے رابطہ کریں

# ووٹ کیسے دیں

## پول سائٹ ووٹنگ کے اوقات

**اپنی پول سائٹ اور ووٹنگ کے اوقات تلاش کریں:**

- **nycvotes.org/ur** ملاحظہ کریں۔
- NYC انتخابات بورڈ کو **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

## بذریعہ ڈاک ووٹ

بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے دو انتخابات ہیں: 'غیر حاضر' اور 'قبل از وقت بذریعہ ڈاک'۔ اگر آپ کی کوئی ایسی وجہ ہے، جس میں بیماری یا سفر شامل ہو، تو آپ ایک غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی وجہ نہیں ہے، تو آپ ایک قبل از وقت بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**26 اکتوبر** آپ کے بیلٹ کی آن لائن درخواست کرنے کی آخری تاریخ ہے یا یہ انتخابات بورڈ (Board of Elections) کو بذریعہ ڈاک درخواست موصول ہونے کی آخری تاریخ ہے۔ صرف اس صورت میں ایک بذریعہ ڈاک بیلٹ مانگیں، اگر آپ اسے استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ایک نئے ریاستی قانون کی وجہ سے، اگر آپ بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کرنے کے بعد ذاتی طور پر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ بیلٹ کے ساتھ ووٹ دینا ہو گا۔

**بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے اپنے بیلٹ کی درخواست کیسے کریں:**

- ملاحظہ کریں **requestballot.vote.nyc**۔
- NYC انتخابات بورڈ کو **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا سماعت سے محروم افراد **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔
- اپنے NYC مقامی انتخابات بورڈ کے دفتر میں تشریف لے جائیں۔ اپنے بیلٹ کی درخواست کرنے کی آخری تاریخ **4 نومبر** ہے۔

**اگر آپ بصارت سے محروم ہیں یا معذوری کا شکار ہیں**

اسکرین ریڈر کی مدد سے اپنا بیلٹ پڑھ کر سنانے کے لیے، آپ **requestballot.vote.nyc/accessibility** پر یا اوپر دیئے گئے نمبر پر کال کر کے قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ مستقل طور پر بیمار یا معذور ہیں، تو آپ دوبارہ درخواست دینے کی ضرورت کے بغیر ہر انتخاب میں ایک غیر حاضر بیلٹ وصول کر سکتے ہیں اپنی کاؤنٹی کے انتخابات بورڈ کو ایک درخواست جمع کروائیں اور اس میں اپنی وجہ کے طور پر اپنی مستقل بیماری یا جسمانی معذوری بتائیں۔

**اپنے بیلٹ کو ٹریک کریں**

آپ اپنا بیلٹ NYC انتخابات بورڈ **requestballot.vote.nyc/tracking** پر ٹریک کر سکتے ہیں۔

## قبل از وقت ووٹ کریں

آپ الیکشن کے دن سے پہلے بھی خود جا کر ووٹ دے سکتے ہیں!

**کیا معلوم کریں**

- قبل از وقت ووٹنگ کی پول سائٹس اور انتخاب کے دن کی پول سائٹسعموماً مختلف ہوتی ہیں۔
- اوقات ہر روز مختلف ہوتے ہیں، اس لیے اپنی پول سائٹ کو چیک کرنا یقینی بنائیں اور جانے سے پہلے ان کے اوقات کی تصدیق کریں۔

**قبل از وقت ووٹنگ کی تاریخیں**

بروز ہفتہ **26 اکتوبر** تا اتوار **3 نومبر**۔ بروز پیر، **4 نومبر** کو کوئی قبل از وقت ووٹنگ دستیاب نہیں ہو گی۔

## انتخاب کا دن

انتخاب کے دن پولنگ کا عمل **5 نومبر** کو صبح 6:00 تا رات 9:00 بجے تک کھلا رہے گا۔ آپ کو لازماً اپنی تفویض کردہ پول سائٹ پر ہی ووٹ ڈالنا ہو گا۔

**پول سائٹس تبدیل ہو سکتی ہیں، لہذا جانے سے پہلے ہمیشہ اپنی جگہ چیک کریں!**

# اپنی پول سائٹ پر کیا توقع کریں

## جب آپ پہنچ جائیں تو چیک ان کریں

جب آپ اندر جائیں گے تو پول ورکر آپ کو دکھائے گا کہ آپ نے کہاں پر سائن ان کرنا ہے۔ وہ رجسٹرڈ ووٹرز کی فہرست میں آپ کا نام دیکھیں گے اور بیلٹ دینے سے پہلے آپ کے دستخط کو چیک کریں گے۔

**پیشہ ور تجویز: اگر آپ کو انتخابات بورڈ کی طرف سے میل میں ایک Fast Pass موصول ہوا ہے، تو تیز تر چیک ان کے لیے اسے اپنے ساتھ لائیں!**

* ووٹ دینے کے لیے آپ کو شناختی دستاویز دکھانے کی ضرورت نہیں ہے، ماسوائے اگر آپ پہلی بار ووٹ دے رہے ہوں اور آپ نے ووٹ دینے کے لیے اندراج کرتے وقت ڈی ایم وی (Department of Motor Vehicles, DMV) یا سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم نہیں کیا تھا۔

## اپنا بیلٹ پُر کریں

اپنی کے آگے بیضوری شکل کو مکمل طور پر بھر کے اپنے بیلٹ کو نشان زد کریں۔

اگر آپ سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے یا آپ بیلٹ کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں، تو آپ پول ورکر کو مدد کرنے کا کہہ سکتے ہیں!

* اپنے بیلٹ کی دونوں اطراف کو چیک کرنا مت بھولیں تاکہ آپ سے کوئی چیز رہ نہ جائے۔

## اپنا بیلٹ اسکین کریں

ایک بار جب آپ اپنا بیلٹ پُر کر لیتے ہیں، تو ایک پول ورکر آپ ک بیلٹ کو اسکینر میں داخل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ کا ووٹ داخل ہونے کے بعد اسکینر آپ کو مطلع کر دے گا۔

## اپنا اسٹیکر حاصل کریں

اپنا اسٹیکر ! اسے لگائیں، اسے دکھائیں، اور یقینی بنائیں کہ آپ کے دوست اور خاندان بھی ووٹ ڈالنے کا سوچ رہے ہیں۔

# بطور ووٹر میرے حقوق کیا ہیں؟

## آپ کو عام انتخابات میں درج ذیل صورتوں میں ووٹ دینے کا حق حاصل ہے:

- NYC میں آپ ایک رجسٹر شدہ ووٹر ہیں۔
- کم از کم 18 سال عمر اور امریکی شہریت کے حامل ہیں۔
- وقت ختم ہونے سے پہلے آپ پول سائٹ پر لائن میں موجود ہوں۔

## کسی بھی انتخاب میں، آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- اگر آپ کو کوئی بھی مدد، ایک مترجم یا زبان کی مدد درکار ہو، تو آپ کسی بھی پول ورکر کو کہیں۔ سماعت سے محروم افراد کے لیے ترجمان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** یا **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔
- ووٹ دینے میں مدد کے لیے کسی کو اپنے ساتھ لائیں (ماسوائے اپنا آجر یا یونین کا نمائندہ)۔
- اس ووٹر گائیڈ سمیت، مواد اپنے ساتھ لائیں۔
- ووٹنگ مشین خراب ہو تو بھی ووٹ ڈالیں۔
- اگر آپ کا نام آپ کی پول سائٹ پر ووٹرز کی فہرست میں موجود نہیں ہے تو حلف نامہ والے بیلٹ کے ذریعے ووٹ دیں۔
- ایک قابل رسائی پولنگ کی جگہ جو کسی مادی رکاوٹ سے پاک ہو۔
- اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے قابل رسائی ووٹنگ مشین استعمال کریں۔
- اپنی قابلیت یا معذوری سے قطع نظر ووٹ دیں۔

## کے لیے ووٹنگ کے حقوق:

- نامناسب رویوں اور خلاف ورزیوں کی سزائیں آپ کو ووٹ کے حق سے محروم نہیں کرتیں، چاہے آپ جیل میں وقت گزار رہے ہوں۔
- اگر آپ فی الحال کسی جرم کی سزا میں قید ہیں، تو آپ ووٹ دینے کے اہل نہیں ہیں۔ تاہم، اگر آپ کسی سنگین جرم میں سزا یافتہ ہیں اور آپ کی سزا معطل شدہ ہے، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔
- اگر آپ کسی جرم کے مرتکب ہوئے ہیں اور آپ کو جیل سے رہا کیا گیا ہے، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو ووٹ دینے کے لیے دوبارہ رجسٹر کرنا ہو گا۔
- اگر آپ کسی وفاقی فیلونی میں سزا یافتہ ہیں یا کسی دوسری ریاست میں فیلونی میں سزا یافتہ ہیں، تو آپ پھر بھی نیو یارک میں رجسٹر ہونے اور ووٹ دینے کے قابل ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ موجودہ طور پر پروبیشن یا پیرول پر ہیں، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔
- اگر آپ اس وقت کسی کے لیے جیل میں ہیں یا مقدمے کے منتظر ہیں، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔

## اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو کس سے رابطہ کریں:

- اگر آپ کی پول سائٹ پر کوئی مسئلہ ہو، تو پول ورکر کو بتائیں یا NYC انتخابات بورڈ سے **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا **TTY 212-487-5496** پر رابطہ کریں۔
- اگر آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہےتو تربیت یافتہ الیکشن پروٹیکشن رضاکار سے بات کرنے کے لیے الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن پر کال کریں اور **866-OUR-VOTE (866-687-8683)** پر مفت قانونی مدد حاصل کریں۔
- نیویارک کے اٹارنی جنرل کو **(866) 390-2992** پر کال کر کے یا **ag.ny.gov/election-hotline** پر جا کر اپنی شکایت شیئر کریں۔

# رسائی پذیری

نیویارک کے ہر ووٹر کو ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کو معذوری یا انگریزی کی محدود مہارت کی وجہ سے اپنا بیلٹ بھرنے میں معاونت درکار ہو، تو مدد دستیاب ہے۔

## قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ

اگر آپ بصارت سے محروم ہیں یا کاغذی بیلٹ پر نشان نہیں لگا سکتے، تب بھی آپ بذریعہ ڈاک ووٹ دے سکتے ہیں۔ آپ ایک قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں جسے اسکرین ریڈر پڑھ سکتا ہے اور کمپیوٹر کی مدد سے پر کیا جا سکتا ہے۔ قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **nycabsentee.com/accessibility** یا **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** یا **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

## زبان اور ترجمانی کی سروسز

شہر بھر میں کئی پول سائٹس پر ترجمان دستیاب ہیں۔ اپنے بیلٹ کو سمجھنے اور مکمل کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کسی فرد، بشمول خاندان کے ایک رکن، دوست، یا مترجم کو ہمراہ لائیں۔

آپ **urdu.nycvotes.org/accessibility** پر جا کر یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ کون سی سائٹس پر ترجمان کی سہولت دستیاب ہے۔ آپ **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

## بیلٹ مارکنگ ڈیوائس

**بیلٹ مارکنگ ڈیوائسز (ballot marking devices, BMD) ووٹروں کے لیے بہتر رسائی پذیری فراہم کرنے کے لیے تمام پول سائٹس پر دستیاب ہوں گی، بشمول وہ لوگ جو نابینا ہیں، بصارت سے محروم ہیں یا جن کی معذوری یا حالت ایسی ہے جس کی وجہ سے ان کے لیے بیلٹ کو قلم سے نشان زد کرنا مشکل یا ناممکن ہے۔**

اگر آپ BMD استعمال کرنا چاہتے ہیں، تو بس پول ورکر سے کہیں! آپ اسے ڈسپلے اسکرین پر بیلٹ دیکھنے، اضافی زبانوں میں ترجمانی حاصل کرنے یا ہیڈ فون کے ذریعے اپنے اختیارات کو سننے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

## یہ ڈیوائس آپ کے بیلٹ پر نشان لگانے کے چار طریقے فراہم کرتی ہے:


ٹچ اسکرین


کی پیڈ (بریل)


سِپ اینڈ پف ڈیوائس (Sip & puff device)


راکر پیڈل

- آپ متن کو بڑا کرنے کے لیے "ZOOM IN" (زوم اِن) کر سکتے ہیں، متن کو اصل سائز میں واپس لانے کے لیے "ZOOM OUT" (زوم آؤٹ) کر سکتے ہیں یا سیاہ پس منظر پر سفید متن میں بیلٹ کو ظاہر کرنے کے لیے "HIGH CONTRAST" (ہائی کنٹراسٹ) کو بھی منتخب کر سکتے ہیں۔
- آپ ہیڈ فون پر آڈیو کی رفتار اور والیم کو ڈبل اور ایڈجسٹ بھی کر سکتے ہیں۔
- یاد رکھیں! آپ کے انتخاب اس وقت تک حتمی نہیں ہوتے جب تک کہ آپ اپنا نشان زدہ بیلٹ اسکینر میں داخل نہیں کرتے اور اپنا ووٹ نہیں ڈالتے۔
- اگر آپ اسکینر میں اپنا بیلٹ داخل کرنے میں مدد چاہتے ہیں، تو ایک پول ورکر آپ کی مدد کرے گا۔

# نمونے کا بیلٹ

ذیل  نمونہ بیلٹ صرف دکھانے کے لیے ہے۔ یہ آپ کا اصلی بیلٹ نہیں ہے اور اسے پُر کرنا آپ کے ووٹ میں شمار نہیں ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| **City Council** | ○ **Candidate A** Party 1 | ○ **Candidate B** Party 2 |
| **District Attorney** Bronx, Queens, Staten Island | ○ **Candidate A** Party 1 | ○ **Candidate B** Party 2 |
| **State Supreme Court** Manhattan, Bronx, Queens, Brooklyn | ○ **Candidate A** Party 1 | ○ **Candidate B** Party 2 |
| **Civil Court Judges** | ○ **Candidate A** Party 1 | ○ **Candidate B** Party 2 |
| **Surrogate's Court** Brooklyn | ○ **Candidate A** Party 1 | ○ **Candidate B** Party 2 |

## میرے بیلٹ کے انتخابات (چوائسز)

ایک بار جب آپ بیلٹ کی تجاویز کے بارے میں جان لیں، تو اپنے انتخابات (چوائسز) کی فہرست کے لیے یہ صفحہ استعمال کریں۔ آپ اپنا بیلٹ پُر کرتے وقت اسے اپنے ساتھ اپنی پول سائٹ پر لے جا سکتے ہیں۔

### بیلٹ تجویز

| | | |
|---|---|---|
| تجویز 1 | ○ ہاں | ○ نہیں |
| تجویز 2 | ○ ہاں | ○ نہیں |
| تجویز 3: | ○ ہاں | ○ نہیں |
| تجویز 4: | ○ ہاں | ○ نہیں |
| تجویز 5: | ○ ہاں | ○ نہیں |
| تجویز 6: | ○ ہاں | ○ نہیں |

**یاد دہانی! آپ کی پارٹی اور جہاں آپ رہتے ہیں، اس کے لحاظ سے آپ کے بیلٹ پر اضافی امیدوار بھی ہو سکتے ہیں۔**

آپ **findmypollsite.vote.nyc** پر انتخابات بورڈ سے اپنے بیلٹ کے نمونے کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

# منتخب عہدیداران کیا کرتے ہیں؟

ہمارے منتخب عہدیداران ہر روز ایسے فیصلے کرتے ہیں جو ملازمتوں، رہائش، تعلیم، نگہداشت صحت اور بہت کچھ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اپنے بیلٹ پر موجود دفاتر کے بارے میں مزید جانیں۔

**امیدواروں کے متعلق مزید جاننے کے لیے urdu.nycvotes.org/candidates ملاحظہ کریں۔**

## وفاقی دفاتر

### یو ایس سینیٹ

سینٹ یو ایس کانگریس کا بالائی ایوان ہے۔ سینٹ کے 100 اراکین ہیں، ہر ریاست سے دو۔ وہ چھ سالہ ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں۔

ایک بل اس وقت قانون بنتا ہے، جب وہ سینٹ اور ہاؤس سے ووٹ میں منظور ہو جائے اور اس پر صدر کی جانب سے دستخط کر دیے جائیں۔

- قوانین بنانا، ان پر بحث کرنا اور ووٹ ڈالنا۔
- صدارتی تقرریوں، مثلًا کابینہ کے اراکین، سپریم کورٹ کے ججز اور وفاقی ججز، کی تصدیق کرتی ہیں۔
- حکومت کی تمام شاخوں کی نگرانی کرنا۔

### یو ایس ہاؤس آف ریپرزینٹیٹیو

یو ایس ہاؤس آف ریپرزینٹیٹیو یو ایس کانگریس کا زیریں ایوان ہے۔ اس کے اراکین 435 ہیں، جن میں ہر ریاست کو امریکی آبادی میں اپنے تناسب کے مطابق نمائندگی ملتی ہے۔ وہ دو سالہ ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں۔

ایک بل اس وقت قانون بنتا ہے، جب وہ سینٹ اور ہاؤس سے ووٹ میں منظور ہو جائے اور اس پر صدر کی جانب سے دستخط کر دیے جائیں۔

- قوانین بنانا، ان پر بحث کرنا اور ووٹ ڈالنا۔
- حکومت کی تمام شاخوں کی نگرانی کرنا۔

## ریاستی دفاتر

### ریاستی سینیٹ

ریاستی سینیٹ ریاستی مقننہ کا بالائی ایوان ہے۔ اس کے اراکین 63 ہیں۔ ریاستی سینٹرز دو سالہ ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں اور ان کے ادوار کی تعداد کی حدود کوئی نہیں۔

- قوانین لکھتی اور ان پر ووٹ کرواتی ہے۔
- ریاستی اخراجات کے درجات کو منظور کرتی ہے۔
- گورنر کے ویٹوز کو برقرار یا رد کرتی ہے۔
- گورنر کی جانب سے ریاستی افسران اور عدالتوں کے ججز کی تقرریوں کی تصدیق کرتی ہے۔

### ریاستی اسمبلی

ریاستی اسمبلی ریاستی مقننہ کا زیریں ایوان ہے۔ اس کے اراکین 150 ہیں۔ اراکین دو سالہ ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں اور ان کے ادوار کی تعداد کی حدود کوئی نہیں۔

- قوانین لکھتی اور ان پر ووٹ کرواتی ہے۔
- ریاستی اخراجات کے درجات کو منظور کرتی ہے۔
- گورنر کے ویٹوز کو برقرار یا رد کرتی ہے۔

## ججز

### ریاستی سپریم کورٹ

سٹیٹ سپریم کورٹ کے جسٹسز اپنے ضلعوں میں بڑے فیلونی اور دیوانی کیسز سنتے ہیں۔ سپریم کورٹ نیو یارک ریاست میں ٹرائل کورٹ ہے؛ کورٹ آف اپیلز اعلیٰ ترین عدالت ہے۔ یہ ججز 14 سالہ مدتوں کے لیے خدمات انجام دیتے ہیں۔

- طلاق، علیحدگی اور منسوخی کی کارروائیوں کی صدارت کرتے ہیں۔
- فیلونیز کی فوجداری کارروائی کو ہینڈل کرتے ہیں۔
- $50,000 سے اوپر دیوانی معاملات پر فیصلے کرتے ہیں۔

### سول عدالت – کاؤنٹی اور ضلع

سول عدالت کے جج کاؤنٹیوں یا اضلاع کی نمائندگی کر سکتے ہیں، لہذا آپ اپنے بیلٹ پر ایک سے زیادہ سول کورٹ کے جج دیکھ سکتے ہیں۔ جج 10 سال کی مدت کے لیے منتخب ہوتے ہیں اور مقدمات کی سماعت کرتے ہیں، بشمول:

- سول معاملات $50,000 تک۔
- مکان مالک کرایہ دار کے معاملات اور رہائش کے معیارات کی دیکھ بھال سے
- قانونی چارہ جوئی۔

### قائم مقام عدالت

قائم مقام عدالت کے ججز کاؤنٹی کے رہائشیوں کی وفات کے بعد ان کی ایسٹیٹس والے مقدمات پر فیصلے کرتے ہیں۔ وہ 14 سالہ کے ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں اور درج ذیل اقسام کے کیسز سنتے ہیں:

- مرحوم افراد کے معاملات والے کیسز، مثلًا وصیتیں اور جائیدادوں کا انتظام
- گود لینا
- سرپرستیاں

# خزاں 2024 کی بیلٹ تجاویز

## بیلٹ تجویز 1

## ریاستی بل آف رائٹس میں کچھ تحفظات کا اظہار ہے

### یہ تجویز بیلٹ پر کیوں موجود ہے:

اس سال بیلٹ تجویز 1 بیلٹ پر اس وجہ سے موجود ہے کیونکہ نیو یارک اسٹیٹ لیجسلیچر نے دو لگاتار قانون سازی کے اجلاسوں میں مساوی حقوق ترمیم (Equal Rights Amendment, ERA) کا قانون پاس کیا ہے۔ اب یہ نیویارک کے باشندوں پر منحصر ہے کہ وہ ریاست کے آئین میں ترمیم کرنے کے بارے میں براہ راست اپنا ووٹ ڈالیں۔

### یہ تجویز کیا کہتی ہے:

ریاستی آئین میں، امتیازی سلوک کے خلاف دفعات شامل کرتی ہے۔ نسلی، قومی پس منظر، عمر، معذوری اور جنس کا احاطہ کرتی ہے، بشمول جنسی رجحان، صنفی شناخت اور حمل۔ تولیدی صحت کی دیکھ بھال اور خود مختاری کا بھی احاطہ کرتی ہے۔

ایک "ہاں" کا ووٹ نیو یارک ریاست کے آئین میں امتیازی سلوک کے خلاف ان تحفظات کو شامل کرتا ہے۔

ایک "نہیں" کا ووٹ ان تحفظات کو ریاستی آئین سے باہر کر دیتا ہے۔

### اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

یہ تجویز ریاستی آئین کے حقوق کے بل میں تحفظات کا اضافہ کرتی ہے تاکہ کسی بھی نسلی پس منظر، آبائی وطن کی حیثیت، عمر، معذوری اور جنس کی بنیاد پر ہر قسم کے امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیا جا سکے — بشمول جنسی رجحان، صنفی شناخت، حمل اور حمل کے نتائج۔ یہ نیویارک کے ایسے باشندوں کا بھی اس بنیاد پر امتیازی سلوک سے تحفظ کرے گا، جو تولیدی صحت کی دیکھ بھال تک رسائی چاہتے ہیں۔

### اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

نیویارک کے باشندے قانون کے تحت ان معیارات کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے محفوظ رہیں گے۔

### بیلٹ پر یہ اگلی 5 تجاویز کیوں ہیں:

2024 کے چارٹر ریویژن کمیشن (Charter Revision Commission) نے نیویارک سٹی چارٹر کا جائزہ لیا ہے تاکہ نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے اس کی کارکردگی اور ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے، عوامی سماعتیں منعقد کی جائیں اور عوامی رائے طلب کرنے کے لیے دائر اختیار کو وسیع کیا جائے اور اس میں مندرجہ ذیل پانچ تجویز کردہ تبدیلیاں پیش کی گئی ہیں۔

# بیلٹ تجویز 2

# سرکاری املاک کی صفائی

### یہ تجویز کیا کہتی ہے:

یہ تجویز سٹی کا منشور میں ترمیم کا مطالبہ کرتی ہے تاکہ سڑکوں اور دیگر شہری املاک کو صاف کرنے کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف سینیٹیشن کے اختیارات کو وسیع اور واضح بنایا جائے اور کوڑے/فضلے کو کنٹینرز میں ٹھکانے لگایا جائے۔

"**ہاں**" کے ووٹ سے سڑکوں اور شہر کی دیگر املاک کو صاف کرنے کے لیے ڈپارٹمنٹ آف سینی ٹیشن کے اختیارات کو وسعت اور وضاحت مل جائے گی اور فضلے کو کنٹینرز میں ٹھکانے لگایا جائے گا۔ "**نہیں**" کے ووٹ سے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

### اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

ڈیپارٹمنٹ آف سینی ٹیشن (New York City Department of Sanitation, DSNY) کے پاس پارکس اور ہائی وے کے درمیان سرسبز پکڈنڈیوں سمیت شہر کی تمام املاک کو صاف ستھرا رکھنے اور ان مقامات پر اسٹریٹ وینڈرز کو ان قوانین پر عمل درآمد کرنے کے لیے جوابدہ ٹھہرانے کا اختیارات میں اضافہ ہو جائے گا۔ یہ DSNY کو یہ ریگولیٹ کرنے کے قابل بنا دے گا کہ نیو یارک کے لوگ کس طرح اپنا کچرا جمع کرنے کے لیے باہر چھوڑتے ہیں۔

### اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

یہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے DSNY کے اختیارات اور دائرہ اختیار کو واضح کرے گا اور اس بارے میں قواعد بنائے گا کہ کوڑا کرکٹ کو اٹھانے کے لیے باہر کیسے رکھا جائے۔

# بیلٹ تجویز 3

# مجوزہ قوانین کی لاگت کے اضافی تخمینے اور بجٹ کی آخری تاریخوں میں اپ ڈیٹس

## یہ تجویز کیا کہتی ہے:

یہ تجویز سٹی کا منشور میں ترمیم کر کے یہ تقاضا شامل کرے گی کہ قوانین پر سماعتوں اور ووٹس سے پہلے کونسل کی جانب سے مالی تجزیہ کیا جائے، مالی تجزیے کو میئر کی جانب سے منظور کروایا جائے اور بجٹ کی آخری تاریخوں کی تجدید کی جائے۔

"ہاں" کے ووٹ سے سٹی کے منشور میں ترمیم ہو جائے گی، جس میں تقاضا کیا جائے گا کہ مقامی قوانین پر سماعتوں اور ووٹس سے پہلے اضافی مالی تجزیہ کیا جائے اور بجٹ کی آخری تاریخوں کی تجدید کی جائے۔ "نہیں" کے ووٹ سے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

## اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

سٹی کونسل مجوزہ قوانین پر ووٹ دینے سے پہلے ان کی لاگت کا تخمینہ فراہم کرے گی۔ یہ تجویز میئر کے آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ (Mayor's Office of Management and Budget) کو مجوزہ قوانین کے لیے اپنی لاگت کے تخمینے فراہم کرنے کا موقع فراہم کرے گی اور کسی بھی قسم کے مجوزہ قوانین پر منعقد کی جانے والی عوامی سماعتوں سے پہلے، کونسل کو اپنی لاگت کے تخمینے شائع کرنے ہوں گے۔ اس تجویز کے تحت کونسل کو مجوزہ قوانین پر عوامی سماعتوں کے انعقاد یا ووٹنگ کروانے سے پہلے، باضابطہ طور پر میئر کے دفتر کو مطلع کرنے کی بھی ضرورت ہو گی۔ آخر میں، یہ تجویز نئی میئر انتظامیہ کے پہلے سال کے دوران بعض بجٹ رپورٹس کی آخری تاریخ میں توسیع کر دے گی اور میئر کے لیے اپنے سالانہ سٹی بجٹ کو شائع کرنے کی آخری تاریخ میں مستقل طور پر توسیع کر دے گی۔

## اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

یہ قوانین کی منظوری سے پہلے ان کی لاگت کا تخمینہ لگانے کے حوالے سے میئر کے لیے ایک نئے کردار کا تعین کرے گی اور اس کا تقاضا ہو گا کہ مجوزہ قوانین کو عوامی سماعتوں کے دوران غور کرنے سے پہلے، کونسل اور میئر سے لاگت کے تخمینے دستیاب ہوں۔ اس کی وجہ سے میئر کو شہر کا سالانہ بجٹ سٹی کونسل میں پیش کیے جانے سے پہلے، بجٹ تیار کرنے کے لیے کچھ مزید وقت بھی مل جائے گا۔

# بیلٹ تجویز 4

## عوام کی حفاظت کے قوانین پر ووٹنگ کا انعقاد کرنے سے پہلے غور و فکر کے لیے زیادہ وقت

### یہ تجویز کیا کہتی ہے:

یہ تجویز پولیس، کوریکشن یا فائر ڈیپارٹمنٹس کے عوامی سلامتی کے افعال سے متعلقہ قوانین پر سٹی کونسل کی جانب سے ووٹ کیے جانے سے پہلے اضافی عوامی نوٹس اور وقت کا تقاضا کرے گی۔

"ہاں" کے ووٹ سے تقاضا کیا جائے گا کہ پولیس، کوریکشن یا فائر ڈیپارٹمنٹس کے عوامی سلامتی کے افعال سے متعلقہ قوانین پر سٹی کونسل کی جانب سے ووٹ کیے جانے سے پہلے اضافی نوٹس اور وقت دیا جائے۔ "نہیں" کے ووٹ سے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

### اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

کونسل کو عوامی تحفظ کے ایسے قوانین پر ووٹ دینے سے پہلے 30 دن کا نوٹس دیا جانا چاہیے، جو محکمہ پولیس (Police Department)، فائر ڈیپارٹمنٹ (Fire Department) یا محکمہ اصلاح (Department of Correction) پر اثر انداز ہوتے ہوں۔ اس وقت کے دوران، میئر اور متاثر ہونے والی سٹی کی ایجنسیاں اضافی عوامی رائے سننے کے لیے عوامی سماعتیں بھی منعقد کروا سکیں گی۔

### اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

میئر اور متاثر ہونے والی ایجنسیاں اس تجویز پر عوامی سماعت کے لیے 30 دن کی مدت حاصل کر سکیں گی۔

# بیلٹ تجویز 5

## سرمایے کی منصوبہ بندی

### یہ تجویز کیا کہتی ہے:

یہ تجویز سٹی کا منشور میں ترمیم کر کے سٹی کی سہولت گاہوں کے سالانہ جائزے میں زیادہ تفصیل کا تقاضا کرے گی، لازم بنائے گی کہ سرمایے کی منصوبہ بندی کے لیے سہولت گاہ کی ضروریات کو دیکھا جائے اور سرمایے کی منصوبہ بندی کی آخری تاریخوں کی تجدید کرے گی۔

"ہاں" کا ووٹ دینا سٹی کی سہولت گاہوں کی دیکھ بھال کی ضروریات کے سالانہ جائزے میں زیادہ تفصیل کا تقاضا کرے گا، لازم بنائے گا کہ سرمائے کی منصوبہ بندی کے لیے سہولت گاہ کی ضروریات کو دیکھا جائے اور سرمایے کی منصوبہ بندی کی آخری تاریخوں کی تجدید کرے گا۔ "نہیں" کے ووٹ سے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

## اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

سٹی کو شہر کی سہولیات، انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کو برقرار رکھنے کی لاگت کا تخمینہ لگانا ہو گا اور ان جائزوں کو کیپیٹل پلاننگ رپورٹس میں بھی شائع کرنا ہو گا۔

## اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

یہ شہر کی جائیداد کے لیے دیکھ بھال کے اخراجات کا تخمینہ لگانے کے لیے استعمال ہونے والے معیار کو بڑھا دے گی۔ تجویز کیپٹل پلاننگ رپورٹس کی مقررہ تاریخ اور متعلقہ عوامی سماعت کی تاریخ کو بھی تبدیل کر دے گی۔

# بیلٹ تجویز 6

# اقلیتوں اور خواتین کے زیر ملکیت کاروبار Minority and Women-Owned Business) (Enterprises, MWBES، فلم پرمٹس اور آرکائیو ریویو بورڈز

## یہ تجویز کیا کہتی ہے:

یہ تجویز سٹی کا منشور میں ترمیم کر کے چیف بزنس ڈائیورسٹی افسر (Chief Business Diversity Officer, CBDO) قائم کرے گی، میئر کو فلم پرمٹس جاری کرنے والا دفتر مختص کرنے کا اختیار دے گی اور آرکائیو بورڈز کو یکجا کر دے گی۔

"**ہاں**" کا ووٹ MWBEs کی معاونت کے لیے CBDO قائم کر دے گا، میئر کو فلم پرمٹس جاری کرنے والا دفتر مختص کرنے کا اختیار دے گا اور دو بورڈز کو یکجا کر دے گا۔ "**نہیں**" کے ووٹ سے قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

## اس تجویز کا مطلب کیا ہے:

یہ تجویز MWBEs کی مدد کے لیے ایک نیا کردار تشکیل دے گی، میئر کو یہ نامزد کرنے کی اجازت دے گی کہ کون سی ایجنسی فلم پرمٹ جاری کریں اور شہر کا انتظام کرنے والے دو بورڈز کو ضم کر دے گی۔

## اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی ہے:

یہ تبدیلیاں کرنے کے لیے منشور پر نظر ثانی کرے گی۔

# NYC Votes کے متعلق

**NYC Votes نیو یارک سٹی کمپین فائنانس بورڈ (Campaign Finance Board) کا ایک قدم ہے، ایک خود مختار سٹی ایجنسی جو یقینی بناتی ہے کہ مقامی انتخابات منصفانہ، شمولیتی اور کھلے ہوں۔**

ہم ووٹروں اور امیدواروں کے درمیان شرکت کو فروغ دیتے ہیں تاکہ ہمارے منتخب عہدیداران ہماری متنوع کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کریں اور وہ مسائل حل کریں جو ووٹرز کے لیے اہم ہیں۔

ہم دفتر کے لیے انتخاب لڑنے میں حائل رکاوٹوں کو کم کر کے اور اپنے انتخابی نظام کو بہتر بنانے کے لیے حل پیش کر کے، نیو یارک کے ان باشندوں کو بااختیار بنا کر یہ کام کرتے ہیں جن کے ووٹ ڈالنے کا امکان کم ہے۔ NYC Votes کمیونٹی تنظیموں، رضاکاروں اور شہر کی دیگر ایجنسیوں کے ساتھ پورے شہر میں ووٹرز کو رجسٹر کرنے، تعلیم دینے اور مشغول کرنے کے لیے شراکت دار ہے۔ ہمارا مقصد انتخابات کے کام کرنے کے طریقے اور ان کی اہمیت کی وجہ کے متعلق ایماندارانہ گفتگو کر کے نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے انتخابی عمل کی بہتر سمجھ پیدا کرنا ہے۔

1988 میں قائم شدہ، یہ ایجنسی نیو یارک کے لوگوں کو ان کے بیلٹ پر امیدواروں کے بارے میں اور ان کی مہمات کے لیے فنڈز کے حوالے سے معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہمارے میچنگ فنڈز پروگرام میں مقامی عطیہ دہندگان کی جانب سے دیئے گئے ہر 1$ پر 8$ تک سٹی کی فنڈنگ ہوتی ہے، جس سے شہر کے امیدواروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ خصوصی دلچسپیوں کے بجائے اپنی کمیونٹیز پر توجہ دیں۔

## میچنگ فنڈز پروگرام

**ان مقامی امیدواروں کو عطیات دیں، جن کی آپ حمایت کرتے ہیں، تاکہ وہ پوری شہر میں مؤثر مہمات چلا سکیں۔**

آپ کا عطیہ امیدواروں کو عملہ رکھنے، مہم کا مواد بنانے اور اپنی کمیونٹی میں زیادہ ووٹرز تک پہنچنے کے قابل بناتا ہے۔ جب آپ سٹی کے مماثل فنڈز پروگرام میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حمایت کرتے ہیں، تو آپ کے عطیات مزید بہت فائدہ دیتے ہیں۔ سٹی کے رہائشیوں کی جانب سے امیدواروں کے عطیات کو 8-تا-1 تک مماثل کیا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جب آپ 10$ کا تعاون کرتے ہیں، تو امیدوار کو 90$ ملتے ہیں۔

**مماثل فنڈز پروگرام کے بارے میں مزید جانیں۔**

یہ پروگرام یہ یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ سٹی کونسل اور میئر جیسے مقامی دفاتر کے لیے مہمات کو نیویارک کے ڈالر کے چھوٹے عطیات سے فنڈ کیا جائے، نہ کہ خصوصی مفادات کی مدد سے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ وہ امیدوار جو دولت مند نہیں ہیں لیکن انہیں کمیونٹی کی مضبوط حمایت حاصل ہے، وہ انتخاب لڑنے کے قابل ہو سکتے ہیں، جس سے ایک زیادہ متنوع اور نمائندہ حکومت بن سکتی ہے۔ نیو یارک سٹی کے 2021 کے انتخابات میں، 83% سے زیادہ مقامی امیدواروں نے کہا کہ میچنگ فنڈز ان کے دفتر کے لیے انتخاب لڑنے کے قابل ہونے میں اہم رہے۔

یہاں عطیہ دیں:
**contribute.nycvotes.org**

# کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

## عام امور

### میں نے اپریل اور/یا جون میں ووٹ دے دیا ہے۔ 5 نومبر کا انتخاب کیسے مختلف ہے؟

اس سال کی ابتداء میں، NYC نے اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے پرائمری انتخاب منعقد کیے کہ 5 نومبر کے عام انتخاب میں کون سے امیدوار اپنی سیاسی پارٹیوں کی نمائندگی کریں گے۔ صرف سیاسی جماعتوں کے اراکین پرائمری انتخاب میں ووٹ دینے کے لیے اہل تھے۔ عام انتخاب میں، NYC ووٹرز فیصلہ کریں گے کہ جنوری سے کون سے امیدوار دفاتر میں عہدے سنبھالیں گے۔

NYC کے تمام رجسٹرڈ ووٹرز 5 نومبر کو ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

### عام انتخاب کیا ہے؟

عام انتخاب میں، مختلف پارٹیوں کے امیدوار ایک منتخب دفتر جیتنے کے لیے مقابلہ کرتے ہیں۔ آپ بیلٹ پر ہر دفتر کے لیے کسی بھی پارٹی لائن پر لڑنے والے کسی بھی امیدوار کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ آپ بیلٹ تجاویز پر "ہاں" یا "نہیں" کی صورت میں ووٹ بھی ڈال سکتے ہیں۔ آخری تاریخ تک رجسٹر ہونے والے تمام ووٹرز ایک عام انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہیں۔

### میں کیسے چیک کر سکتا ہوں کہ میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر شدہ ہوں؟

ملاحظہ کریں: **voterlookup.elections.ny.gov** یا NYC انتخابات بورڈ کو **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا سماعت سے محروم افراد **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

### اگر میں آخری بار ووٹ ڈالنے کے بعد نیویارک شہر میں کسی دوسری جگہ منتقل ہو گیا تھا، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ منتقل ہوتے ہیں، تو آپ کو ایک نیا ووٹر رجسٹریشن فارم جمع کر کے انتخابات بورڈ کے پاس اپنا پتہ تبدیل کرنا چاہیے۔ آپ کے پتے کی تبدیلی انتخابات بورڈ کو 26 اکتوبر 2024 تک موصول ہو جانی چاہیے۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ کے پتے کی تبدیلی مؤثر ہو گئی ہے **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا سماعت کی محرومی کی صورت میں **TTY 212-487-5496** پر کال کریں

اگر آپ کا پتہ ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوا ہے، تو آپ اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والے بیلٹ کی درخواست کرکے اپنے نئے پتے پر تفویض کردہ پول سائٹ پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

## بذریعہ ڈاک ووٹ

### اگر میں غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کروں تو کیا میں پھر بھی ذاتی طور پر ووٹ دینے کا اہل ہوں گا؟

اگر آپ نے ایک بذریعہ ڈاک بیلٹ کی درخواست کی ہے، تو آپ کو اس کے ساتھ ووٹ دینے کا ارادہ رکھنا چاہیے۔ آپ پولز کے کھلے رہنے کے دوران اپنا مکمل کردہ بیلٹ کسی بھی ووٹنگ سائٹ پر جمع کروا سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ بذریعہ ڈاک کی درخواست کرنے کے بعد ذاتی طور پر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی پول سائٹ پر حلف نامے والے بیلٹ کے ساتھ ووٹ دینا ہو گا۔ یہ بیلٹ مختلف نظر آئے گا۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو پول ورکر کو کہیں۔

### اگر میں اپنا بیلٹ بذریعہ ڈاک بھجوا رہا ہوں، تو کیا مجھے ٹکٹ لگانے پڑیں گے؟

نہیں، آپ کو ڈاک ٹکٹ شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، یقینی بنائیں کہ جتنی جلدی ہو سکے اپنا بیلٹ واپس بھجوا دیں۔ درست و قابل عمل ہونے کے لیے یہ لازماً انتخاب کا دن تک ڈاک سے موصول ہو جانا چاہئیے۔

### کیا میں اپنا غیر حاضر بیلٹ اپنی پولنگ سائٹ پر جمع کروا سکتا ہوں؟

ہاں! آپ اپنا مکمل کردہ بیلٹ کسی بھی NYC پول سائٹ پر جمع کروا سکتے ہیں۔ بیلٹ باکسز فرنٹ ڈیسک پر دستیاب ہوں گے۔ آپ کو ڈاک ٹکٹ شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

### کیا میں اپنا بیلٹ واپس کرنے کے بعد ٹریک کر سکتا ہوں؟

ہاں! ملاحظہ کریں: **requestballot.vote.nyc/tracking**.

### اگر میرے غیر حاضر بیلٹ کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو گیا، تو کیا ہو گا؟ کیا مجھے اسے ٹھیک کرنے کا موقع ملے گا؟ کیسے؟

اگر آپ کے بیلٹ لفافے میں کوئی قابل تصحیح غلطی ہو، جیسا کہ غیر موجود یا غلط دستخط، تو قانون کے مطابق انتخابات بورڈ سے آپ کو مطلع کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بیلٹ میں قابل تصحیح غلطی ہے، تو وہ غلطی دریافت کرنے کے 1 دن کے اندر آپ سے بذریعہ ڈاک، ای میل اور فون (اگر دستیاب ہو) رابطہ کریں گے۔ آپ کے پاس ایک دستخط شدہ تصدیق واپس کر کے غلطی کو درست کرنے کے لیے 7 دن تک کا وقت ہو گا۔

مزید سوالات ہیں؟ آپ **nycvotes@nyccfb.info** پر ای میل کر سکتے ہیں یا ہم سے انسٹاگرام، ٹوئٹر یا فیس بک پر رابطہ کر سکتے ہیں

### مزید سوالات ہیں؟

**urdu.nycvotes.org/faqs** ملاحظہ کریں۔ آپ ہمیں **nycvotes@nyccfb.info** پر ای میل کر سکتے ہیں یا ہمارے لیے انسٹاگرام، ٹوئٹر یا فیس بک (@nycvotes) پر پیغام چھوڑ سکتے ہیں۔

## انتخابات بورڈ کے ساتھ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں

ہمیں آپ کا نام اور پتہ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ کے زیر انتظام رجسٹرڈ ووٹرز کی فہرست سے ملا ہے۔ اگر آپ کو یہ ووٹر گائیڈ ڈاک میں موصول ہوا ہے لیکن یہ آپ کے لیے نہیں ہیں یا اگر یہاں کا رہائشی شخص کہیں اور منتقل ہو گیا ہے یا فوت ہو گیا ہے، تو انتخابات بورڈ کو مطلع کریں تاکہ وہ اپنا ریکارڈ درست کر سکیں۔

## ووٹر گائیڈ کے متعلق

قانون کے مطابق، NYC Votes کے لیے ضروری ہے کہ وہ سٹی کے انتخابات کے لیے نیو یارک سٹی میں رجسٹر شدہ تمام ووٹر کے گھر پر ایک ووٹر گائیڈ بھیجے۔ ہم ہر رجسٹر شدہ ووٹر کو انگریزی اور ہسپانوی میں اور مردم شماری کے ڈیٹا کی بنیاد پر مخصوص علاقوں میں ووٹرز کو چینی، کورین اور بنگالی میں ایک گائیڈ بھیجتے ہیں۔

اپنے بیلٹ پر امیدواروں کے بارے میں جاننے کے لیے **urdu.nycvotes.org/candidates** ملاحظہ کریں۔

نیو یارک سٹی 2024 عام انتخاب کی ووٹر گائیڈ۔ کاپی رائیٹ © 2024 منجانب نیو یارک سٹی کمپین فائنانس بورڈ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ ڈیزائن منجانب بیل ویدر۔ امریکہ میں تیار کردہ۔

## انتخابات بورڈ سے رابطہ کریں

انتخابات بورڈ ہمارے انتخابات کا انتظام کرتا ہے اور رجسٹرڈ ووٹرز کے ڈیٹا بیس کو برقرار رکھنے، پولنگ کے مقامات کی نگرانی، بیلٹ کی گنتی، اور انتخابی نتائج کی اطلاع دینے کا ذمہ دار ہے۔ آپ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ میں اپنی ووٹر رجسٹریشن اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں، غیر حاضر بیلٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، پول ورکر یا زبان کا مترجم بننے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور مزید بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ ہم انتخابات بورڈ کا حصہ نہیں ہیں۔

**مزید جاننے کے لیے vote.nyc وزٹ کریں۔**

## باقاعدہ اوقات کار

پیر تا جمعہ اور انتخاب کا دن سے پہلے اور اس دن ویک اینڈ پر بھی صبح 9:00 تا شام 5:00 بجے تک۔ اوقات کار کی جانچ کرنے کے لیے ملاحظہ کریں: **vote.nyc** **866-VOTE-NYC** یا سماعت کی محرومی کی صورت میں (**TTY 212-487-5496**) پر رابطہ کریں)۔

| | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| جنرل دفتر | 32-42 Broadway, 7th Floor<br>New York, NY 10004 | 212-487-5400 |
| **Bronx** | 1780 Grand Concourse, 5th Floor<br>Bronx, NY 10457 | 718-299-9017 |
| **Brooklyn** | 345 Adams Street, 4th Floor<br>Brooklyn, NY 11201 | 718-797-8800 |
| **Manhattan** | 200 Varick Street, 10th Floor<br>New York, NY 10014 | 212-886-2100 |
| **Queens** | 118-35 Queens Boulevard, 11th Floor<br>Forest Hills, NY 11375 | 718-730-6730 |
| **Staten Island** | 1 Edgewater Plaza, 4th Floor<br>Staten Island, NY 10305 | 718-876-0079 |